اس پری امپلی فائر کی بنیاد فلپس کی ایک آئی سی TDA1522 ہے جس میں دو کم شور والے امپلی فائر اور ایک عدد کلک پیدا کئے بغیر کام کرنے والا میوٹ سرکٹ شامل ہے۔ اگر اس کا اندرونی ریگولیٹر 7.5 یا زیادہ وولٹیج مہیا کرے تو اس کے لئے ماس مشترک رکھنے والے اجزا کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اس کے اندر ہی ہم کو دبانے والا سرکٹ موجود ہے جو کہ 100Hz پر ریجیکشن ریٹ حاصل ہونے والی 95dB کی ہم کو 100Hz تک دبا دیتا ہے۔ اس سرکٹ میں پلے بیک ہیڈ کو بھی عام طریقے سے ہٹ کر لیٹریکی کو سپ کلینگ کیپیسٹر کے لگا یا گیا ہے۔ اس طریقہ کار کی وجہ سے ٹیپ سے حاصل ہونے والے شور اور کلک کی آوازوں سے نجات مل جاتی ہے۔ ان کلک کی عام وجہ کپلنگ کیپیسٹر کی چارجنگ کرنٹس کا ہیڈ کے راستے بہنا ہے۔ اس پری امپلی فائر کی نمایاں خصوصیات کو جدول نمبر ا میں دیا گیا ہے۔

سرکٹ ڈائیگرام

شکل نمبر ا میں پلے بیک پری امپلی فائر کا سرکٹ دیا گیا ہے۔ دونوں پلے بیک ہیڈز کو ان پٹ کنیکٹر پادار پر بیلنسر میں ان پٹ کپلنگ کیپسٹر کے لگا یا گیا ہے پلے بیک ہیڈز کی رزسٹنس عام طور پر تین سو اوہم اور انڈکٹینس اتنی کم ہوتی ہے۔ TDA1522 کی ان پٹ رزسٹنس تقریباً دو سو کلو اوہم ہے جس کے مقابلے



شکل نمبر ا : ٹیپ ہیڈ کے لئے ٹونز اسٹیریو پری امپلی فائر کا سرکٹ ڈائیگرام

ہینڈ سے حاصل ہونے والا سگنل مشکل ہی سے کسی لاؤڈ کا سامنا کر تا ہے۔

چونکہ میٹر زیست کم سگنل فراہم کرتے ہیں اس لئے پری ایمپلی فائر کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ کم شور کے ساتھ زیادہ ایمپلی فیکیشن فراہم کر سکے۔ R6 = OR ہونے کی صورت میں IC1 کے نوائز لیول کو 5nV/√Hz کی شکل میں بیان کیا گیا ہے۔ جبکہ ایمپلی فیکیشن فیڈ بیک نیٹ ورک سے متعین ہوتی ہے۔ IC1 کے اندرونی نوائز کے قسم کے ایمپلی فائرز کی موجودگی کے باعث ان میں سے ہر ایک کی ایمپلی فیکیشن اندرونی 140K کی رزسٹرز اور بیرونی طور پر لگائے گئے رزسٹرز R7 اور R8 سے متعین ہوتی ہے۔ اسے سی سگنل کے لئے ان میں سے ہر بیرونی رزسٹر کو الیکٹرولائٹک کپیسٹرز کے راستے گراؤنڈ سے ملایا گیا ہے۔ C4 - R5 اور C5 - R6 کے نیٹ ورکس کے اثر کو نظر انداز کرتے ہوئے تصور فیکل گین 6 ، 84 ڈیس بل حاصل ہوتا ہے۔

فریکوئینسی رسپانس

C4 - R5 اور C5 - R6 کے نیٹ ورکس کو اندرونی طور پر موجود 140K کی رزسٹر کے متوازی لگانے سے اس پری ایمپلی فائر گین فریکوئینسی پر منحصر ہوجاتا ہے اس طرح تین سو پندرہ ہرٹز پر گین کی مقدار تقریباً اڑسٹھ ڈی بی حاصل ہوتی ہے۔

فریکوئینسی کے بڑھنے پر کیپسٹر کی کیپیسٹوری ایکٹینس کم ہوجاتی ہے جس سے فیڈ بیک کی مقدار زیادہ ہوجاتی ہے اور ایمپلی فیکیشن کم ہوجاتی ہے۔ شکل نمبر 2 میں 120uS کی کیپسٹس کے لئے فریکوئینسی رسپانس دکھایا گیا ہے۔ 120uS کی کیپسٹس میں نارمل ٹالرنس 1 کی کیپسٹر الیکٹرولائٹ یا آئرن آکسائیڈ استعمال ہیں۔ منفرد ڈی بی لیولز میں موجود پیس میٹرز پر حاصل ہوتا ہے۔ دوسری اقسام کی کپیسٹس کے لئے نارمل کانسٹنٹ میں مناسب تبدیلی کرنی ہوگی۔ 70uS کی کپیسٹس کے لئے R5 اور R6 کی جگہ 3K3 کی رزسٹرز لگائیں جبکہ 90uS کی کپیسٹس کے لئے اس کی ویلیو 4K1 ہوگی۔ E96 سیریز میں اس کی قریب ترین قدر 4K12 ہے۔ اس کی جگہ 3K9 اور 220R کی رزسٹرز کو سلسلہ وار ملا کر بھی لگایا جاسکتا ہے۔

فیڈ بیک نیٹ ورک R6-C اور R5-C4





شکل نمبر 2 ۔ پری ایمپلی فائر کا فریکوئینسی رسپانس



شکل نمبر 3 ۔ TDA1522 کے بڑے 2 پر سیوٹ ڈیوائس فراہم کرنے کے حالت میں آؤٹ پٹ



شکل نمبر 4 :- آئی سی کے لئے درکار بریک سلک کی تفصیل



شکل نمبر 2 :- آئی سی استعمال کرتے ہوئے آؤٹ پٹ ٹرانسفارمر اور آؤٹ پٹ کپیسٹر کے بغیر ڈبل ایمپلی فائر کا عملی سرکٹ ڈائیگرام

فہرست اجزا

رزسٹرز

100K کاربن 2 / 1 واٹ	=	R1
470K کاربن 2 / 1 واٹ	=	R2
2K2 کاربن 2 / 1 واٹ	=	R3
2R7 کاربن 2 / 1 واٹ	=	R4

کپیسٹرز

10u الیکٹرولائیٹک 25V	=	C1
100p سرامک	=	C2
10u الیکٹرولائیٹک 25V	=	C3
10u الیکٹرولائیٹک 25V	=	C4
0.1u سرامک	=	C5
470u الیکٹرولائیٹک 25V	=	C6

سیمی کنڈکٹرز

IN4001 ڈائیوڈ	=	D1
IN4001 ڈائیوڈ	=	D2
IN4001 ڈائیوڈ	=	D3
IN4001 ڈائیوڈ	=	D4
LM380 آئی سی	=	IC1
LM380 آئی سی	=	IC2

متفرق

فیوز ساکٹ	=	T1
سیکنڈری 12V 1 A کرنٹ ٹرانسفارمر	=	T1





شکل نمبر 3 :- ایمپلی فائر کا پرنٹڈ سرکٹ بورڈ اور اسمبلڈ تصویر جس سے پرزوں کی ترتیب واضح کی گئی ہے

اگلا صفحہ 14 ←

کثیر المقاصد ٹیسٹر

عملی الیکٹرونکس میں ٹیسٹ آلہ، سادہ نوعیت کے باوجود ایک کارآمد اور ضرورت کا آلہ ہوتا ہے۔ کانٹے نما ٹیسٹر یا میٹر یا پرانی نوعیت کے عام ملٹی میٹر کافی طویل عرصے سے استعمال میں تھے اور بدستور ہیں۔ ان کے استعمال کی وجوہات کے علاوہ کچھ نہیں کہ ان کا استعمال مفید، آسان اور ضروری ہے۔ زیر نظر آلہ بھی آپ کی تجربہ گاہ کے ٹیسٹ آلات میں ایک مفید اضافہ ثابت ہوگا۔

بلاشبہ ملٹی میٹر کی قسم کے ٹیسٹ کے لئے بہترین آلہ ہے مگر کئی حالات میں ایک سادہ قسم کا ٹیسٹر بھی درست نتائج بخوبی ظاہر کرسکتا ہے۔ مثلاً جب کسی جگہ کے وولٹیج کی پیمائش صرف پولیرٹی چیک کرنا ہو یا رزسٹنس کی پیمائش صرف کانٹی نوٹی چیک کرنا مقصود ہو وغیرہ وغیرہ یہاں بیان کردہ ٹیسٹر سے دیگر نوعیت کی جانچ کے علاوہ ایسے ایل ای ڈی بھی چیک کئے جاسکتے ہیں۔ جن کا اعلیٰ قسم کے ملٹی میٹر بھی چیک کرنے سے قاصر رہتے ہیں۔ اس ٹیسٹر کی کانٹی نیوٹی چیک کرنے کے لئے ایک بذر بھی فراہم کیا گیا ہے۔ اس آلے کی مدد سے انداز، مزاحمت، شارٹ سرکٹس، ڈائیوڈ اور ٹرانزسٹر بھی چیک کئے جاسکتے ہیں۔ اس کو کسی جگہ پر پانی کی سپلائی کے اظہار کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس کا ایک اور مفید استعمال یہ ہے کہ اس کو ایل ڈی آر کے ذریعے روشنی کی نشاندہی کرنے والے سرکٹ میں بھی تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ علاوہ ازیں این ٹی سی یا پی ٹی سی تھرمسٹر کو استعمال کرتے ہوئے اس آلے کو ٹمپریچر الارم کا کام دینے کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس کے مزید استعمالات آپ خود بھی نکال سکتے ہیں۔ اس کو ڈیزائن کرنے کا اصل مقصد ٹیسٹنگ کا کام ہی تھا۔

سرکٹ کی تفصیل

ٹیسٹر کا مکمل سرکٹ ڈایاگرام شکل نمبر ۱ میں دکھایا گیا ہے۔ یہ تین حصوں پر مشتمل ہے جن میں سے ہر ایک اپنا علیحدہ کام سرانجام دیتا ہے۔ سب سے سادہ حصہ ایل ای ڈی ٹیسٹر پر مشتمل ہے۔ اس مقصد کے لئے صرف ایک بیٹری اور R4 کو استعمال کیا گیا ہے۔ بیٹری مطلوبہ وولٹیج فراہم کرتی ہے جبکہ R4 کرنٹ کو ایک خاص حد کے اندر رکھتی ہے۔ آنکھ کے ایل ای ڈی کو دیکھ کر یہ اندازہ لگانا ممکن نہیں رہا کہ کھٹوڈ کونسا ہے یا اینوڈ کونسا ہے۔ کیونکہ پرانے ایل ای ڈیز میں کیتھوڈ کو نوڑ اور اینوڈ کو چھوٹی جسامت کا بنایا جاتا تھا۔ یہ اندازہ ایل ای ڈی کے اندر کے ٹرمینل دیکھ کر لگایا جاسکتا تھا۔ اس لئے اگر ایل ای ڈی روشن ہو تو الٹا لگائیں۔ اگر پھر بھی روشن ہو تو خراب ہوگا۔ سرکٹ کا دوسرا حصہ D2، D3، R7 پر مشتمل ایک وولٹیج انڈیکیٹر ہے۔ R4 کی طرح یہاں R7 کو کرنٹ محدود کرنے کے لئے لگایا گیا ہے۔ اے سی وولٹیج کے فراہم کئے جانے پر دونوں ایل ای ڈی روشن ہوتے ہیں جبکہ ڈی سی کی صورت میں دونوں میں سے صرف ایک ایل ای ڈی، اپنی پولیرٹی کے مطابق روشن ہوگا۔ مختلف رنگوں کے ایل ای ڈی اور ان پٹ ٹرمینل کے استعمال کی صورت میں وولٹیج کی پولیرٹی بھی معلوم کی جاسکتی ہے۔ اس کا بہترین انتخاب یہ ہوگا کہ مثبت کے لئے سرخ رنگ استعمال کیا جائے۔ ایل ای ڈی اپنی قسم کے اعتبار سے، تقریباً تین وولٹ سے کم پر روشن نہیں ہوں گے۔

شکل نمبر ۱ : کثیر المقاصد ٹیسٹر کا سرکٹ ڈایاگرام۔ یہ سرکٹ تین حصوں پر مشتمل ہے۔



سرکٹ کا یہ حصہ متعدد دوڑوں جنکشن سے مل کر بنا ہوا ہے۔ اس میں دو ڈیزائنروں کے استعمال سے ایک بہتر شکل بنائی جا سکتی ہے۔ اگر انپٹ سے منسلک رزسٹنس کی قدر ایک خاص حد کے اندر ہو تو ہر ٹرانزسٹر کی آواز آئے گی۔ اس حصہ کے ذریعے مزاحمتیں ڈائیوڈز، ڈارلنگٹن ٹرانزسٹر، ریلے، سولینوئڈ، یا ٹسلی وغیرہ چیک کیا جا سکتا ہے۔ ٹرسٹنگ کو شارٹ کرنے پر بھی T2 کنڈکٹ کر کے BZ1 کو چلاتا ہے، جس سے اس کی آواز سنائی دیتی ہے۔

T2 کی بیس پر R2 اور R3 کے ذریعے مثبت وولٹیج دے کر اسے آف حالت میں رکھا گیا ہے۔ یہ حالت اس وقت تک برقرار رہتی ہے جب تک کہ T1 آف رہے۔ جو کہ ایک فیلڈ ایفیکٹ ٹرانزسٹر (FET) ہے۔

T1 گیٹ پر وولٹیج کے لئے سے آن اور وولٹیج نہ ملنے سے آف ہو جاتا ہے۔ یہاں اس کو ایک پوٹینشل ڈیوائیڈر سے منسلک کیا گیا ہے۔ پوٹینشل ڈیوائیڈر ایک طرف تو R1 اور ان پٹ پر لگی ہوئی رزسٹنس پر منحصر ہو سکتا ہے، یا پھر دوسری طرف P1 ۔ R5 اور R6 سے۔ تب یہ یا سکتا ہے، اس کے انتخاب (یعنی رزسٹر اور پوٹینشو میٹر) یا ایک رزسٹر اور ان پٹ رزسٹنس پر منحصر پوٹینشل ڈیوائیڈر کا کام سوئچ S1 کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ پوٹینشل ڈیوائیڈر سے ارد گرد وولٹیج کی زراہی کا بندوبست زوو ٹک کی دوسری بیٹری B1 2 کے ذریعے کیا گیا ہے۔ T1 کا گیٹ اوپن ان پٹ رزسٹنس کے باعث بہت زیادہ حساس ہے۔ اس لئے D1 کے ذریعے اس کی حساسیت کا بندوبست کیا گیا ہے۔

جب ان پٹ ٹرمینلز پر کوئی چیز نہ لگائی جائے تو گیٹ پر منفی وولٹیج کے باعث ایف ای ٹی کنڈکٹ نہیں کر سکتا۔ تاہم جب ان کو شارٹ کیا جاتا ہے تو گیٹ وولٹیج صفر تک زیادہ کم ہو جاتے ہیں جس سے FET کنڈکٹ کر کے بذر کو چلاتا ہے۔ S1 کو پوزیشن ۱ اور P1 کی رینج کے مطابق ان پٹ ٹرمینل پر لگائی جانے والی اس رزسٹنس کا تعین کیا جا سکتا ہے جو کہ FET کو چلائے گی۔ جب S1 کو c - a پوزیشن پر کیا جاتا ہے، تو جلد ہی بیٹری اوہم سے کم کی ویلیوز پر آواز دے گا۔ اس لئے پروزیشن ۱ و وولٹیج کو بیل میں شارٹ سرکٹ تلاش کرنے میں صادق ثابت ہوتی ہے۔ b - a پوزیشن



شکل نمبر ۲ : کثیر المقاصد ٹیسٹر کے لئے پرنٹڈ سرکٹ بورڈ کا نمونہ



شکل نمبر 3 : پرنٹڈ سرکٹ بورڈ پر اجزا کی ترتیب



شکل نمبر ۴ : فرنٹ پینل کا ایک خوبصورت خاکہ



پر، جبکہ P1 کم سے کم رزسٹنس کی حالت میں ہو تو سرکٹ ایک بیگا اوم سے کم کی مزاحمت پر آواز دیتا ہے۔ اس حالت کو فرنٹ پینل پر 1M ~ 0 سے ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر P1 کے ساتھ ایک سکیل لگا کر اسے درجہ بند کر دیا جائے تو رزسٹنس کی وہ ویلیو بھی معلوم کی جا سکتی ہے۔ اس ایڈجسٹیبل پرکھی قیمت کے زیر تصدیق پرزے کی عدم موجودگی میں سوئچ نہیں لگایا گیا۔ ویلیو پوٹینشیو میٹر کوئی کرنٹ خرچ نہیں کرتا اور ایل ای ڈی نیز صرف ایل ای ڈی ٹیسٹ کرنے کے دوران کرنٹ خرچ کرتا ہے۔

تشکیل

سرکٹ کو تشکیل دینے کیلئے شکل نمبر 2 میں پی سی بی کا خاکہ اور شکل نمبر 3 میں اس پر پرزوں کی ترتیب کا خاکہ دیا گیا ہے۔ شکل نمبر 4 میں فرنٹ پینل کا لے آؤٹ دکھایا گیا ہے۔ تمام اجزا آسانی دستیاب ہیں۔ ڈائیوڈ D1 کی دستیابی میں مشکل پیش آئے تو اس کا متبادل استعمال کریں۔ بذر خود بجود آسیلیٹ کرنے والا ہو یعنی یہ اس قسم کا ہو کہ وولٹیج فراہم ہوتے ہی آواز دینا شروع کر دے۔ شکل نمبر 5 میں دکھایا گیا ہے کہ کس طرح تمام اجزا کو پی سی بی پر نصب کیا گیا ہے۔ جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے۔ کہ مثبت رزسٹنس کے لئے سرخ رنگ کا استعمال مناسب ثابت ہوگا۔

استعمال

ٹیسٹنگ کے مقاصد کے علاوہ اس کو درج ذیل مقاصد کے لئے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

وائرلیول یا اوور فلو انڈیکیٹر

اگر ایک پی سی بی پر متوازی ٹریسز کے جوڑے بنا کر اس اے کے کی ان پٹ سے لگا دیا جائے تو یہ ایک واٹر لیول انڈیکیٹر یا اوور فلو انڈیکیٹر بن سکتا ہے۔ ان ٹریسز پر پانی کے لگتے ہی اس کی رزسٹنس گر جائے گی جگہ الارم بجانے کا موجب ہو گی۔

ٹمپریچر انڈیکیٹر

اس اے کے ان پٹ پر نیگیٹو ٹمپریچر کوایفی شنٹ تھرمسٹر کے ساتھ اور مثبت ٹمپریچر اور پی سی بی پازیٹو ٹمپریچر کوا ین شنٹ تھرمسٹر کے ساتھ استعمال کے ساتھ انڈیکیٹر بھی انڈیکیٹر کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کے لئے S1 کو b ~ a پر رکھیں اور P1 کو اس طرح متعین کریں کہ کہ آپ کے مطلوبہ ٹمپریچر پر الارم بول اٹھے۔

ٹچ سینسر

S1 کی c ~ a پریچ پر اگر اس کے دونوں ان پٹ ٹرمینلز کے کنکٹیبل کو ہاتھ سے چھوا جائے تو علاوہ کی رزسٹنس کے باعث بذر کی آواز سنائی دے گی۔

اوپر بیان کردہ تینوں استعمالات میں اگر T2 کی جگہ مناسب ڈارلنگٹن ٹرانزسٹر ا C13 83 (ریٹ/ اور BZ1 کو بگر یلے لگا دی جائے تو اس کے ذریعے کسی بھی اکر کو ان اُف کیا جا سکتا ہے۔ یعنی یہ بطور سوئچ بھی کام کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ BZ1 کو بریلے کے بجائے لگانے سے موثر اثر بھی ممکن ہو سکے گا۔

اس کے مزید ممکنہ استعمالات آپ اپنی سمجھ بوجھ کے مطابق نکال سکتے ہیں۔ امید ہے اس پروجیکٹ کو تجربہ کار حضرات پسند فرمائیں گے۔

فہرست اجزا

رزسٹرز

R1	=	10K ایک واٹ
R2	=	390K 1/4 واٹ
R3	=	39K 1/4 واٹ
R4	=	470R 1/4 واٹ
R5	=	10K 1/4 واٹ
R6	=	10M 1/4 واٹ
R7	=	4K7 دو واٹ
P1	=	1M0 لینیر پوٹینشیو میٹر

کپیسٹرز

C1	=	10u الیکٹرولائٹک 16V
C2	=	10u الیکٹرولائٹک 16V

سیمی کنڈکٹرز

D1	=	BAT85 یا متبادل ڈائیوڈ
D2, 3	=	ایل ای ڈی
T1	=	BF245C یا متبادل ٹرانزسٹر (N-channel JFET)
T2	=	BC557B یا متبادل ٹرانزسٹر (PNP)

متفرق

S1	=	چھوٹا ان / اف سوئچ
S2	=	بارہ وولٹ بذر (پیزو)

پی سی بی وغیرہ

کم خرچ ٹرانزسٹر ٹیسٹر

سہیل منظور

کبھی کبھی مشکوک ٹرانزسٹر کیلئے اے ایف اور آر ایف چیکنگ جنکشن کی جانچ اور نوعیت معلوم کرنے کے لئے کارآمد آلہ

تعارف

یہ ایک کم خرچ اور سادہ ٹرانزسٹر اسی لیڈ ٹیسٹر کا سرکٹ ہے جس کی مدد سے یہ معلوم کیا جاسکتا ہے کہ ٹرانزسٹر ٹھیک ہے یا خراب ہے۔ یہ سرکٹ ٹرانزسٹر کے کنکشن درست ہونے کی تصدیق کرنے کے علاوہ یہ بھی ظاہر کردیتا ہے کہ زیر جانچ ٹرانزسٹر آڈیو فریکوئنسی کے لئے 5 کلو ہرٹز پر آپریٹ کر رہا ہے یا ہائی اور یہ سمجھنا زیر جانچ ٹرانزسٹر ریڈیو فریکوئنسیز کے استعمال کے لئے 3 میگا ہرٹز پر مناسب گین بھی فراہم کر رہا ہے یا نہیں۔ اس طرح گین کی جانچ، جنکشن کیپسی ٹینس اور لیکیج معلوم کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ کیونکہ اگر زیر جانچ ٹرانزسٹر ریڈیو فریکوئنسیز پر آسی لیٹ کر رہا ہے تو یہ لازماً درست حالت میں ہوگا۔

یہ ٹیسٹر زیر جانچ ٹرانزسٹر کے بارے میں یہ بھی بتاتا ہے کہ آیا وہ ٹرانزسٹر پی این پی ہے یا این پی این۔

سرکٹ کا عمل

آڈیو فریکوئنسی ٹیسٹ کرنے کے لئے نامعلوم ٹرانزسٹر کو بالکل آسی لیٹر سرکٹ میں شامل کیا جاتا ہے۔ یہ آسی لیٹر ٹرانزسٹر T1، کپیسٹر C1 اور ریزسٹر R2-R1 پر مشتمل ہے۔ بلاکنگ آسی لیٹر کی R1 اور R2 ریزسٹنس معلوم ٹرانزسٹر کے بیس وولٹیج کا تعین کرتی ہیں۔ آسی لیٹر کی آؤٹ پٹ کو C2 سے گزارا جاتا ہے جو DC وولٹ میٹر کو حرکت میں لاتا ہے۔ DC وولٹ میٹر کا سرکٹ ایک جرمینیم ڈائیوڈ (D4)، ٹرانزسٹر Q1 اور Q2 پر مشتمل ہے۔ Q1 کی سالمہ حالت میں (صفر) کرنٹ Q2 کی چینل ریزسٹنس کو متوازن کی جاتی ہے جس کی صفر بائس ہوتی ہے اور یہ 1 ملی صفر بائس سے مطابقت رکھتی ہے۔

ہر جرمینیم ڈائیوڈ D4 آسی لیٹر کی آؤٹ پٹ کو کچھ فالی کرتا ہے اور ٹرانزسٹر Q1 کو چلانے کے لئے درکار منفی وولٹ فراہم کرتا ہے۔ ریزسٹر R5 کے ذریعے سرکٹ کو فیز فالی بالسا حالت میں Q1 اور Q2 کے چینل سرکٹ ڈیمپان دو ہیڈ ڈراپ بیلنس کئے جاتے ہیں۔

جانچ کا طریقۂ کار

ریڈیو فریکوئنسیز ٹیسٹ کے لئے نامعلوم ٹرانزسٹر کو ٹیسٹ آسی لیٹر سرکٹ ایک دو درسٹل ریزسٹر R3 اور R5-R4 (PIERCE) میں شامل کیا جاتا ہے پیرس



ایک کپیسٹر C3 پر مشتمل ہے۔ اس سرکٹ میں نامعلوم ٹرانزسٹر کی بیس کو کرسٹل کے ذریعے کلکٹر کی آؤٹ پٹ سے ملایا جاتا ہے۔ اس طرح کرسٹل فریکوئنسی پر مثبت فیڈبیک پیدا ہوتی ہے۔ اگر آپ کو سٹل فریکوئنسی کے مارجن معلوم کرنا چاہتے ہیں تو کسی بھی ریزسٹر کے اِن پٹ کے بجائے اس کی آر ایف اَسی لیٹر کی آؤٹ پٹ سے ایک ٹرمپ جوڑ کر رکھ دیں۔ اس طرح کی کپیکٹ کو ٹریمپنگ کہا جاتا ہے۔

زرمبر R3 کو 560K/Rs تک بڑھانے سے ریڈیو فری کوئنسی اَسی لیشن میں کافی حد تک بہتری پیدا کی جا سکتی ہے۔ سرکٹ کے تیسرے حصّے کو اس طرح تشکیل دیا گیا ہے کہ اب پورا سرکٹ ایک وولٹ میٹر کے ذریعے ڈی ٹیکٹ کیا جا سکتا ہے۔ اور یہ اس کا فرنٹ کٹ R7 کے ذریعے کنٹرول ہوتا ہے۔

میٹر کی نشاندہی کے مطابق ایک ٹرمپنگ ٹائپ ٹرانزسٹر کا وولٹیج 0-3V اور ایک سلیکان ڈائیوڈ پر نارمل وولٹیج تقریباً 0-7V ہوتے ہیں۔ جب نامعلوم ٹرانزسٹر لگا کر تو Q1 اور D2 جیسا سلیکان اور جرمینیم ڈائیوڈ ہیں) یہ اوپر دیئے گئے سرکٹ کو تقریباً 1 وولٹ تک تبدیل کر دیتے ہیں۔

زنجیت کیلئے ٹیسٹ

نامعلوم ٹرانزسٹر کو سرکٹ نمبر 1 میں لگائیں۔ سوئچ نمبر 2 کو آڈیو فریکوئنسی پوزیشن میں رکھیں۔ سوئچ نمبر 3 کو QUAL پوزیشن میں رکھیں اور سیلانی آن کریں۔ سوئچ نمبر 2 کو ایک پوزیشن میں تبدیل کریں۔ تاکہ میٹر ریڈنگ دینی شروع کر دے۔ جس طرف (NPN یا PNP) میٹر ریڈنگ دے گا۔ وہ ٹرانزسٹر کا ٹائپ ہوگا۔ اگر میٹر ریڈنگ نہ کرے تو یہ ٹرانزسٹر آڈیو فریکوئنسی پر صحیح کام نہیں کرے گا۔ سوئچ نمبر 2 کو ریڈیو فریکوئنسی پوزیشن پر کرنے سے پرچول بالنے کا گریہ ٹرانزسٹر ریڈیو فریکوئنسی پر بھی کام آ سکتا ہے یا نہیں۔

اب ٹرانزسٹر کو ساکٹ نمبر 2 میں لگائیں اور سوئچ کو 2 TYPE پوزیشن پر رکھیں۔ سوئچ 4 کو آپریٹ کریں۔ سوئچ 4 کو آپریٹ کرنے سے اگر ریڈنگ کم بالے تو ٹرانزسٹر ٹرمپنگ ہوگا اور اگر ریڈنگ زیادہ ہے تو ٹرانزسٹر سلیکان ہے۔

فہرست اجزا

رزسٹرز

R 1	=	100K کاربن 1/4 واٹ
R 2	=	120K کاربن 1/4 واٹ
R 3	=	220K کاربن 1/4 واٹ
R 4	=	220K کاربن 1/4 واٹ
R 5	=	6K8 کاربن 1/4 واٹ
R 6	=	1K0 کاربن 1/4 واٹ
R 7	=	3K3 کاربن 1/4 واٹ
R 8	=	5K0 پوٹینشیومیٹر

کپیسٹرز

C 1	=	0.056 u سرامک
C 2	=	100p سرامک
C 3	=	100p سرامک

سیمی کنڈکٹرز

Q 1	=	کوئی جینرل پرپز ایپٹیکٹ ٹرانزسٹر
Q 2	=	کوئی جینرل پرپز ایپٹیکٹ ٹرانزسٹر
D 1	=	کوئی بھی سلیکان ڈائیوڈ
D2-4	=	جرمینیم ڈائیوڈ

متفرق

B1	=	فروولٹ بیٹری
M1	=	0-1 ملی ایمپیئر میٹر
S1-4	=	ڈبل پول ڈبل تھرو سوئچ
T1	=	پرائمری 500R سیکنڈری 200R ٹرانسفارمر
XTAL	=	27 میگا ہرٹز بنیاد میں کوئی بھی کرسٹل
S5	=	ڈبل پول ڈبل تھرو سوئچ

تشکیل

سرکٹ کو کسی بھی مناسب طریقے سے نصب کر کے تشکیل دیا جا سکتا ہے۔ اصل پوائنٹ کو ہم نے ویرو بورڈ پر نصب کیا تھا اور اس کے لئے پلاسٹک کا ایک بکس استعمال کیا تھا۔ میٹر، ساکٹس اور سوئچ فرنٹ پینل پر لگائے گئے تھے۔ ●●

صفحہ 13 سے آگے

الیکٹرونک ڈورلاک

استعمال

آپ اپنے لئے سوئچوں کی جس ترتیب کو پسند کرتے ہیں اسی ترتیب کے مطابق ان ہی نمبروں کے ساتھ سوئچ S1 تا S4 کو ترتیب اسٹک کریں۔ مثال کے طور پر اگر 1234 نمبر منتخب کرتے ہیں۔ اس طرح آپ کو S1 کی بورڈ کے 1 نمبر والے سوئچ سے S2، 2 نمبر سے S3، 3 نمبر سے اور S4، 4 نمبر والے سوئچ سے ملانے کریں۔ نمبروں کی کسی بھی دوسری ترتیب منتخب کرنے کی صورت میں اسی ترتیب سے سوئچ اس نمبر کے ساتھ جوڑیں گے۔ اس ترتیب کو یاد رکھیں بصورت دیگر لاک نہیں کھلے گا۔

☆

یہ شاہ دو مقیاب نہیں۔ اس کی فوٹو پانے کیلئے کے لئے 4/- روپے ارسال فرمائیے



شکل نمبر 1
ڈنڈا سکریبنے وائپر کنٹرولر کا سرکٹ ڈایاگرام

شکل نمبر 2
ورروبورڈ اور پورڈ پر پرزوں کی ترتیب کا نمونہ



فہرست اجزاء

R1,2,5 = 3.9K اوہم 1/4 واٹ رزسٹر
R3 = 6.8K اوہم 1/4 واٹ رزسٹر
R4 = 47K اوہم 1/4 واٹ رزسٹر
VR1 = 470K اوہم لینئر پوٹینشیومیٹر
C1, 2 = 10V 100uF الیکٹرولائٹ کپیسٹر
IC1 = LF351 یا TL081Cp
(بائی فیٹ BIFET)
TR1 = B109 این پی این ٹرانزسٹر
D1,2 = IN4148 ڈائیوڈ
SW1 = پار پول کا تھری وے روٹری سوئچ
RL1 = 12V ریلے۔ کوارکم ہیوی ڈیوٹی ٹائم حالت میں اوپن کنٹیکٹس کے ایک جوڑے کے ساتھ۔

شمارہ ستمبر 1989 کے مضامین

- کیسی ٹینس میٹر
- جانچ پڑتال کے آلات (انجیر)
- روشنی کے لئے حساس سوئچ
- آڈیو ایپلی فائر
- ٹیلی فون ایپلی فائر
- انٹرکام
- بے بی الارم
- سائرن
- گٹار پریکٹس ایپلی فائر
- بلب کی زندگی میں اضافہ کریں
- میگا فون
- شمسی الارم
- ڈسک آپریٹنگ سسٹم
- دی سی آر مرمت
- ٹیلی ویژن کے دس غیر متوقع نقائص
- اوہم کا قانون
- نا کہیے قیمے کا بٹن
- سرکٹ کیلئے پلاسٹک کور
- سالڈ اسٹیٹ کونیک ہیکر

شمارہ دستیاب ہے قیمت 15 روپے



کی آؤٹ پٹ ہائی رہتی ہے) یہ دفعہ کو ہیکر تقریباً نصف سیکنڈ رہا ہے۔ چنانچہ ریلے محض ایک مختصر وقفے کے لئے آن ہو کر وائپر کو چلائے گا۔ اس طرح وائپر دو قدموں سے ایک ہیکر لگائے گا۔

پوٹینشیومیٹر RV1 سے ہر ہیکر کے بعد وائپر کے رکنے کے وقفہ کی طوالت کا تعین کیا جا سکتا ہے۔ دو مرتبہ آن ہونے میں اس کے ذریعے وائپر کے آن اور آف ہونے کے وقفوں کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ اس کے ذریعے 5 تا 50 سیکنڈ تک کا ریچ کا حصول ممکن ہے۔ یعنی وقفوں کی طوالت 5 سیکنڈ سے پچاس سیکنڈ تک تعین کی جا سکتی ہے۔ سوئچ SW1 کی جیسی حالت میں پوٹ آف ہو جائے گا۔

تیاری

شکل نمبر 2 میں پرزوں کی نصب شدہ حالت اور وائرنگ دکھائی گئی ہے۔ جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے، پرزے نصب کرنے کے لئے ویرو کس ویرو لور ڈ (اسٹرپ بورڈ) استعمال کیا گیا ہے۔ اس مقصد کے لئے اسٹرپ بورڈ کا 10.1 انچ موٹائی کا 10 x 24 سوراخوں والا کوئی بھی ٹکڑا کاٹ کر ہو سکتا ہے۔ اس بورڈ پر پرزوں کی تنصیب کے لئے ضروری ہدایات کٹی مرتبہ دہرائی جا چکی ہیں۔ ان کی پیروی کریں۔

یہ یونٹ بہت چھوٹے سائز میں تیار کیا جا سکتا ہے چنانچہ اس کے لئے کوئی بھی پلاسٹک کیس استعمال ہو سکتا ہے۔ ریلے کو سرکٹ بورڈ پر نصب نہیں کیا گیا۔ اسے کیس کے اندر نصب کریں۔ جدید ریلے بذات خود پلاسٹک کیس میں بند ہوتی ہیں۔ ان کو نصب کرنے کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ ایک سی ذخیرہ کے کسی بھی پیکنگ والے مادے مثلاً صمدا یا فوم ربڑ کو اس یونٹ کے کیس پر چپکا دیں۔ تاہم اس کا انحصار اس ریلے پر ہوگا جو آپ کو دستیاب ہوگی۔ بعض ریلے خود بولٹ کی مدد سے نصب ہو سکتے ہیں۔ تاہم ریلے کے نصب شدہ حالت میں آپ کو دشواری پیش آئے۔

ہائی پاور اے سی موٹر کنٹرول

ایک ہزار سے دو ہزار واٹ تک کے اے سی موٹر کو کنٹرول کرنے کے لئے ایک موثر اور کارآمد سرکٹ۔ یہ سرکٹ اے سی سپرہیٹرو وائنڈ موٹرز کے لئے ایک مثالی اسپیڈ کنٹرول سرکٹ ہے۔ گھریلو اور صنعتی استعمال کے لئے موزوں۔



المیر عنایت الرحمانسر

اگرچہ جدید میکنائزڈ کی بدولت ہیوی اور زیادہ طاقتور ٹرالیس اور تعمیراتی مشینری بنائے گئے ہیں جو کہ ان حالات میں کم وقت ڈرائیو کرتے ہیں۔ لیکن یہ صرف دیہاتی علاقے تک ہی کرنٹ کے لئے بہتر رہتے ہیں۔ تمام یہ جاننا بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ ہائی کرنٹ کی سائلنٹ سیلے ڈیوہ میں اینٹی پیرمیل تھائرسٹر لگائے جاتے ہیں۔

ایک موٹر کی سپیڈ کو سیمپ ڈمر کی طرح، فیز کو کاٹ کر کنٹرول والے سرکٹ سے کنٹرول کیا جاسکتا ہے موٹر وائنڈنگ عام طور پر LAGGING (لیگنگ نیچر (یعنی موٹر کی حالت میں رزسٹنس کے مقابلے میں اس کی انڈکٹنس کا زیادہ ہونا) موجود ہوتا ہے۔ اس وجہ سے فیز کے ریفرنس کو لوڈ یعنی موٹر دیئے وہ لیے کی کیلئے ریلم ولٹ میٹر سپلائی سے لیا جانا چاہیے۔ ایک سپ ڈمر کے اصول پر بنایا گیا اسپیڈ کنٹرول گیٹ اور وولٹیج کے آؤٹ آف فیز ہونے کی وجہ سے ہوسکتا ہے کہ ڈرگر ہی کر سکے یا ٹرگر کرے وہ صرف نصف سائیکل پر۔ جبکہ یہ اس کا مکمل سٹنگ نہیں ہوتا۔ ایک ٹائرسٹر کے ساتھ جب ٹرائیک سرکٹ پر آف ہوتا ہے تو اس وقت وہ میزوولٹیج سے زیرو کراسنگ سے قریب نہیں ہوتا بلکہ اسے کے طور پر ٹرائیک کے گرد وہ لٹیج کی طرف وولٹیج انتہائی تیزی سے بڑھتے ہیں۔ اس کا اثر صرف انڈکٹو لوڈ ٹرائیک کے گرد کسی حد تک موجود کپیسٹی کے ٹائم کانسٹینٹ کی وجہ سے کم رفتار ہوسکتا ہے۔ یہ الٹرائیلیکٹرک کو غلط طور پر ٹرگر کرنے کا باعث بن سکتا ہے۔ تمام یہ اثر انگیز اوقات سادہ فیز کنٹرول سرکٹ کو غلط عمل کرنے پر مجبور کردیتے ہیں اس قسم کی تمام مشکلات دیئے گئے سرکٹ کے استعمال سے ختم ہو جاتی ہیں۔

سرکٹ ڈائاگرام

سرکٹ ڈائاگرام شکل نمبر ا میں دیا گیا ہے جو کہ ایک حد تک ریپ سٹرائر اور آؤٹ پٹ سٹیج پر مشتمل ہے۔

ریمپ جنریٹر

سرکٹ میں R1 اور آئسولیٹر IC2 کے ذریعے بن سپلائی سے براہ راست فیز ریفرنس حاصل کیا جاتا ہے۔ IC2 میں ہر وقت فوٹو ٹرانزسٹر اس وقت آف ہوتا ہے جب وولٹیج زیرو کراسنگ یا اس کے بہت نزدیک ہوتے ہیں۔ اس کے آف ہونے سے TR1 بھی آف ہوجاتا ہے اور C3 کی ریٹ ہوجاتا ہے۔ ری سیٹ ہونے کے بعد C3، R3 کے ذریعے تقریباً 6.5 وولٹ تک چارج ہوجاتا ہے۔

شکل نمبر 2 میں بتایا گیا ہے کہ ان وولٹیج کو کس طرح ناپا گیا تھا۔ ریپ فنکشنل لینئر ہونے کی بجائے کسی حد تک درجہ بدرجہ طرز عمل کرتا ہے۔ یعنی ریپ میں کمی بتدریج نہیں ہوتی بلکہ اس کم ایک سے دوسرے ڈیوے میں ہوتی ہے۔ لیکن یہ عمل لینئر ایسی تبدریج کے قریب ترین ہے اور اس ڈیزائن کی مطلوبہ ضروریات کی تکمیل کرتا ہے۔

IC3a کے ذریعے ریپ کو ریفرنس کیا جاتا ہے اور IC3b کو دریے دیا جاتا ہے جو کہ ایک کمپیریٹر کا کام کرتا ہے۔ جب ریپ کے وولٹیج IC3b کی ان ورٹنگ ان پٹ پر دیئے گئے وولٹیج سے بڑھ جاتے ہیں تو یہ آن ہوکر ٹرائیک آؤٹ پٹ ٹرانزسٹر IC5 کو ٹرگر کرتی ہے جس کے نتیجے میں آؤٹ پٹ پر لگایا گیا ٹرائیک ٹرگر ہوجاتا ہے۔ ریپ پر دہ نقطہ جہاں کمپیریٹر سوئچ کرتا ہے پوٹنی ٹومیٹر VR1 (اسپیڈ کنٹرول) اور جزوی طور پر IC4 کی آؤٹ پٹ سے آنے والے فیڈ بیک سگنل سے متعین کیا جاتا ہے۔ اس طرح ٹرائیک کو زیرو کراسنگ پوائنٹ کی مداخلت سے آزاد اور طور پر مینیمز کے دونوں نصف سائیکل کے دوران، ایک ہی جیسے مقامات پر ٹرگر کیا جاتا ہے۔

R8 - R12 پر مشتمل فیڈ بیک سرکٹ کے لیئر بغیر سرکٹ ایک سادہ اسپیڈ کنٹرولر کا کام کرسکے گا اس زائد سرکٹ کا مقصد موٹر کی رفتار کو کچھ حد تک مستحکم کرنا ہے۔ یہ حد تک لوڈ میں اضافہ کی وجہ سے ہوتی ہے۔ تمام مزاحمت اور اس کی انڈکٹنس کی وجہ سے ہوتی ہے۔ تمام جب موٹر چل رہی ہو تو اس کی موٹر اسپیڈ میں زیادہ تر حد تک کی بیک اے ایم ایف کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اس حد تک اسپیڈ میں کمی کرنے سے اور اس کے نتیجے میں کرنٹ میں ہونے والے اضافے سے "موٹر کا غیر اہم انگل بڑھا کر اس کو زیادہ پاور دی جاتی ہے۔ یہ ایک شکل ثابت فیڈ بیک ہے جو کہ جب زیادہ بڑھ جائے تو موٹر کی اسپیڈ اسی طرح کرنا شروع کردے گی۔ VR2 کے ذریعے اگر درست مقدار میں فیڈ بیک موثر کردی جائے تو اس نقص پر قابو پانے میں مدد دے گی کہ فوڈ کے بڑھ جانے سے موٹر آہستہ ہوجائے۔ اسی وجہ خلام پر کام کرنے کی وجہ سے اس فیڈ بیک سرکٹ کا رسپانس محدود ہے جو کہ ٹرگرنگ کے ضیرا ٹھکل کو ایڈجسٹ کرنا ہے۔ اس کا تمام کانسٹنٹ C5 اور R11 کے ذریعے مقرر کیا گیا ہے اور ہوسکتا ہے۔ استعمال کی کسی موٹر کے لئے ان کی ویلیو زکو بدلنا پڑے۔ R12 کو فیڈ بیک کی زیادہ سے زیادہ مقدار کا تعین کرتی ہے۔ اس رزسٹر کی



شکل نمبر ا

کوشش کرنے کے لئے سرکٹ میں تھوڑا سا فلٹرنگ کا حصہ بھی شامل کیا گیا ہے۔ L1 اور C7 ایک لو پاس فلٹر بنا کر انٹرفیرنس کو دبانے کا کام کرتے ہیں۔ C6 اور R13 مل کر ایک سنبئر (SNUBBER) نیٹ ورک بناتے ہیں، تاکہ ٹرائیک کو سائیکس اور انڈکٹو لوڈ کو آن کرنے پر سختی سے بدلنے والے وولٹیج سے بچایا جا سکے۔ ان اجزا کی دکھائی گئی ویلیو صرف مثال کے طور پر دی گئی ہیں۔ ان کو موٹر لوڈ کے مطابق بدلا جا سکتا ہے۔

اب صرف ایک بار سپلائی کی ضرورت رہ گئی ہے۔ شکل نمبر ۲ میں اس مقصد کے لئے ایک روائتی قسم کی ریگولیٹڈ سپلائی دکھائی گئی ہے۔ کنٹرول سرکٹ میں سپلائی سے علیحدہ یعنی آئسولیٹڈ ہے اور اگر ضرورت پڑے تو بیرونی سگنل کے ذریعے بھی کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ وولٹیج سرکٹ اُس وقت زیادہ سے زیادہ بار درفراہم کرتا ہے۔ جب



شکل نمبر 2

قدر کو منتخب کرنے میں یہ دھیان رکھا جائے کہ بریج اور آپٹو کپلر کا ایبل ای ڈی، موٹر کی عمومی آپریٹنگ کرنٹ پر ذرا سے فارورڈ بائس ہوں۔ اور اس طرح موٹر کی کرنٹ میں ہونے والا اضافہ، آپٹو آئسولیٹر کو زیادہ کرنٹ دے گا۔ اور فیڈ بیک میں بھی اضافہ ہو جائے گا۔ اگر R 12 کی ویلیو زیادہ ہو گی تو سب سے بڑا مسئلہ حرارت کو منتشر کرنا ہوگا۔

اندرونی طور پر کسی لیڈ سے منسلک نہیں ہے۔ اگر ہیٹ سنک کو شکل طور پر بلا سنک وغیرہ کے ڈبے میں بند کر کے انسولیٹ کر دیا جائے تو ایک عام سا ٹرائیک بھی لگایا جا سکتا ہے۔ یہ سپلائی کے سائیکل کی چوتھائی کے قریب مجھنے والی ٹرائیک سوئچنگ سے پیدا ہونے والی انٹرفیرنس

آوٹ پٹ اسٹیج

اس سرکٹ میں ایک ہائی کرنٹ کا ٹرائیک TXAL 2215 B استعمال کیا گیا ہے۔ یہ چار سو وولٹ اور پندرہ امپیئر تک کام کر سکتا ہے اور اس کا انتخاب اس لئے کیا گیا تھا کہ اس کے بیرونی طرف لگی دھات کی چوتھری (METAL TAB) عام ٹرائیکس کے برعکس



شکل نمبر 3

VR1 کا وائپر زیرو وولٹ پر ہو اور اس وقت میٹر ٹائم ذرا سا ہٹا ہے۔ بجزہ وائپر موٹر سے کہاں ہوتا ہے۔ اگر ایک میٹر فراہمیت مائل سگنل استعمال کرنا ہو تو LM358 کی جگہ LM324 کو استعمال کیا جا سکتا ہے جس میں موجود باقی آپریشنل ایمپلیفائرز کو استعمال کرتے ہوئے ان دونوں کو اکٹھا کیا جا سکتا ہے۔

کو انور شرادیلر کے طور پر لگایا جا سکتا ہے۔ اس سرکٹ کے ذریعہ ایک محدود کارکردگی کی سپیڈ کنٹرول حاصل ہوتی ہے۔ اگر بہت درستگی کے ساتھ سپیڈ کنٹرول کی ضرورت ہو تو سپیڈ سے متعلقہ سگنل حاصل کرنے کے لئے شافٹ انکوڈر کا استعمال ناگزیر ہوگا جبکہ دوسرے آپریشنل ایمپلیفائرز

★

فہرست اجزا

رزسٹرز

R1	=	100K ایک واٹ
R2	=	47K
R3	=	180K
R4	=	2K2
R5	=	1K0
R6	=	100K
R7	=	10K
R8	=	10K
R9	=	1M0
R10	=	680R
R11	=	1K0
R12	=	متن دیکھیں۔
R13	=	470R ایک واٹ
R B	=	10R 1/2 واٹ

کپیسٹرز

C1	=	1000u الیکٹرولائٹک 35V
C2	=	10u الیکٹرولائٹک 6V
C3	=	100n پولی اسٹرین
C4	=	1n0 سرامک
C5	=	47u الیکٹرولائٹک
C6	=	47n 400VAC
C7	=	220n 400VAC

سیمی کنڈکٹرز

IC1	=	7812 ریگولیٹر آئی سی
IC2, IC4, IC5	=	آپٹو آئسولیٹر
IC3	=	LM358 یا LM324 آپریشنل ایمپلیفائر
TR1AC	=	TXAL2215B یا متبادل
BR1,2	=	برج ریکٹیفائرز

متفرق

L1 ٹائر ایڈیل کور پر ایک ایم ایم قطر کے تار سے (40 - 194)

بچپن چپکر

T1 = 220 وولٹ سے 15 وولٹ سٹیپ ڈاؤن ٹرانسفارمر (پانچ سو ملی ایمپیئر)

FS1 = پانچ سو ملی ایمپیئر فیوز

معاون روزگار فنی کتابیں

ٹیکنیکل کتابوں کی لسٹ مفت طلب کریں

مستقبل کا بہترین پیشہ الیکٹرونکس سیکھئے

صوفی سنز

اعوان ٹاؤن۔ لاہور۔ ۱۸

الیکٹرونک کلینک

سیریز رسٹر برائے LED

مختلف سرکٹس میں سپلائی وولٹیج کی مقدار مختلف ہوتی ہے۔ ان سرکٹس میں انڈیکیٹر کے طور پر ایل ای ڈی استعمال کرنا ہوں تو سیریز رسٹر لگا کر ایل ای ڈی کو سپلائی دی جاتی ہے۔ مجھے یہ معلوم کرنا ہے کہ سیریز رسٹر کی قدر کیسے معلوم کی جاتی ہے۔ کیا اس کے لئے اوہمز لاء استعمال کیا جا سکتا ہے؟

(صرف اقبال۔ کوئٹہ)

لائٹ ایمٹنگ ڈائیوڈ یا ایل ای ڈی 1v8 تا 2v0 تک کے وولٹیج فراہم کرنے پر روشنی خارج کرتے ہیں۔ ان کو لگ بھگ 20mA کرنٹ درکار ہوتی ہے تاکہ وہ روشنی خارج کر سکیں۔ 20mA ایمپیئر اوسط ہے۔ در حقیقت ہر رنگ کا ایل ای ڈی مختلف مقدار میں کرنٹ خرچ کرتا ہے۔ ایسے سرکٹس جہاں سپلائی وولٹیج زیادہ ہوں وہاں اگر ایل ای ڈی استعمال کرنا ہو تو اس کے لیے مناسب قدر کا رزسٹر لگانا ہوتا ہے اس کو لیمٹنگ رزسٹر کہتے ہیں۔ لیمٹنگ رزسٹر کی قدر معلوم کرنے کے لیے ہمیں چند قدروں کے جاننے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایل ای ڈی کا وولٹیج ڈراپ یعنی ایل ای ڈی کو فارورڈ بائس کرنے کے لیے کتنے وولٹیج کی ضرورت ہے اور ایل ای ڈی کتنی کرنٹ خرچ کرتا ہے۔ یہ دونوں مقداریں معلوم ہوں تو اوہمز لاء کے ذریعے بہت آسانی سے سیریز لیمٹنگ ارزسٹر کی قدر معلوم کی جا سکتی ہے۔

فرض کریں کہ ایسے سرکٹ میں جس کی سپلائی 6v0 ہے ایل ای ڈی لگانا ہے۔ ایل ای ڈی کے لیے فارورڈ بائس حالت میں 1v8 کی ضرورت ہے نیز ایل ای ڈی 20mA کرنٹ خرچ کرتا ہے۔ بقیہ قدریں اس طرح نکال لیں۔

سپلائی وولٹیج = 6v0

ایل ای ڈی کی وولٹیج = 1v8

فرق = 4v2

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس سرکٹ میں ایل ای ڈی کو جانے والے وولٹیج میں سے 4v2 کو کم کرنا ہے۔ کرنٹ ہمیں پہلے ہی معلوم ہے کہ 20mA ہے۔ اس طرح اوہمز لاء کی مدد سے رزسٹر کی جو قدر حاصل ہوگی وہ ذیل میں درج ہے۔

اوہم کا قانون، رزسٹنس = وولٹیج اوولٹ میں ÷ اوہم کرنٹ (ایمپیئر میں)

یعنی رزسٹنس = 4V2 / 20mA (20mA ایمپیئر 0-02)

= 4.2 / 0.02 = 210 اوہم

چنانچہ اگر چھ وولٹ سپلائی میں انڈیکیٹر کے طور پر ایل ای ڈی لگایا جائے تو سیریز میں 210R قدر کا رزسٹر لگانا ہوگا۔

لاجک گیٹس

میں الیکٹرونکس میں نووارد ہوں۔ اگرچہ میں الیکٹرونکس سرکٹس کو سمجھ لیتا ہوں لیکن چند سرکٹس میں کچھ ایسے علامتی نشان نظر آتے ہیں جن کو میں بالکل نہیں سمجھ سکتا نہ ہی ان کے اندر لکھے ہوئے نمبر سمجھ میں آتے ہیں۔ ایک کاغذ پر یہ نشان بنا کر بھیج رہا ہوں اگر ان کے بارے میں کچھ تفصیل بتا دیں تو میری طرح دوسرے نئے آنے والوں کو بھی فائدہ پہنچے گا۔

(یوسف عبداللہ۔ حیدرآباد)

آپ نے جو نشانات بنا کر ارسال کیے ہیں وہ لاجک گیٹس کہلاتے ہیں۔ ان میں سے ایک تکون جیسا نشان نفر Inverter کا ہے۔ ان گیٹس کے اندر جو نمبر لکھے ہوتے ہیں وہ آئی سی کا نمبر ہوتا ہے۔ عام طور پر ایک آئی سی میں اس طرح کے گیٹ ایک سے زیادہ تعداد میں ہوتے ہیں۔ آئی سی 4011 نینڈ

ذیل میں تین بنیادی لاجک گیٹس اور نفر کے نشانات دکھائے گئے ہیں۔



گیٹس پر مشتمل ہے۔ اگر کسی گیٹ کے اندر 4011 لکھا ہوا ہو تو آپ یہ سمجھ لیں کہ یہ گیٹ اس آئی سی کے چار گیٹس میں سے ایک ہے گیٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لئے "سی موس آئی سی" کی اقساط کا مطالعہ کریں۔

سی موس آئی سی اور کرنٹ

میں نے ہر کتاب اور مضمون میں یہی پڑھا اور سمجھا ہے کہ سی موس آلات (آئی سی، ٹرانزسٹر وغیرہ) بہت کم کرنٹ خرچ کرتے ہیں۔ لیکن میں نے عملی طور پر یہ بات حقیت سے دور پائی۔ میں نے اونر آئی سی 4009 پر مشتمل ایک آڈیو آسی لیٹر بنایا اور یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ یہ آسی لیٹر A 20m سے زائد کرنٹ خرچ کر رہا ہے جب کہ میں اس سے بہت کم کرنٹ خرچ ہونے کی توقع کر رہا تھا اس کی کیا وجہ ہے۔

توقیر صدیقی۔ فیڈرل بی ایریا۔ کراچی

آئی سی 4009 میں چھ عدد انورٹر ہیں یعنی یہ ہیکس انورٹر آئی سی ہے جبکہ آپ نے جو آسی لیٹر بنایا ہے اس میں محض دو انورٹر استعمال کیے ہیں۔ آپ نے بقیہ چار انورٹر تو استعمال کیے ہیں اور نہ ہی آپ نے غیر استعمال شدہ انورٹرز کو گراونڈ کیا ہے۔ اسی وجہ سے یہ انورٹرز غیر مستحکم ہو کر آسی لیٹ کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ آئی سی میں بیکار اور زائد کرنٹ خرچ ہوگی۔ سی موس آئی سی میں غیر استعمال شدہ گیٹس وغیرہ کی پنوں کو گراونڈ سے منسلک کرنا ضروری ہوتا ہے بصورت دیگر وہ نہ صرف زائد کرنٹ خرچ کرتے ہیں بلکہ بعض اوقات یہ آئی سی غیر ضروری عمل یا غلط نتائج بھی ظاہر کر سکتے ہیں۔

مین سپلائی کی تاریں

میں ایک الیکٹریشن ہوں اور عام طور پر گھروں میں نئی وائرنگ کرنے یا پرانی وائرنگ کے نقائص درست کرنے کا کام کرتا ہوں۔ اس سلسلے میں مجھے ایک ایسے آلے کی ضرورت ہے جو یہ بتا سکے کہ چھپی ہوئی تاریں (کنسیلڈ وائرنگ میں) دیوار میں کس مقام پر ہیں۔

عبدالماجد۔ بہاولپور

کنسیلڈ وائرنگ میں تاروں کو ڈھونڈنے کا کام واقعی ایک صبر آزما کام ہے لیکن آپ گھبرائیں نہیں۔ الیکٹرونکس ڈائجسٹ کے اکتوبر 1989 کے شمارے میں اس مقصد کیلئے ایک سرکٹ موجود ہے اس کو آپ اپنے مقصد کیلئے بخوبی استعمال کر سکتے ہیں۔

حفاظتی سرکٹ

میں نے ایک ایسا الارم سرکٹ ڈیزائن کیا ہے جو ٹی ٹی ایل لاجک سے کنٹرول ہوتا ہے۔ اس مقصد کیلئے ریلے سوئچ کو ٹرانزسٹر سے چلایا ہے اور الارم اسے سی سے چلتا ہے میں نے سرکٹ کو متعدد بار چیک کیا ہے اور اس میں کوئی نقص تلاش نہیں کر پایا۔ لیکن میں جب بھی اس کو استعمال کرتا ہوں ہر بار ٹرانزسٹر جل جاتا ہے۔ سرکٹ آپ کو بھیج رہا ہوں اس میں کوئی نقص ہو تو مجھے اس کے بارے میں تفصیل سے لکھیں۔

اصغر علی گوندل۔ راولپنڈی

آپ کے ارسال کردہ ڈایاگرام کو دیکھنے کے بعد آپ کو درپیش مسئلے کا حقیقی اندازہ ہو جاتا ہے۔ آپ کی شکایت بالکل درست ہے کیونکہ آپ نے ریلے کو اعمل کے سروں پر حفاظتی ڈائیوڈ نہیں لگایا۔ جیسا کہ آپ بخوبی



جانتے ہوں گے۔ ٹی ٹی ایل لاجک بہت تیز رفتار ہوتا ہے۔ جب ایک مرتبہ ٹرانزسٹر دوبہ عمل ہو کر ریلے کو آن کرتا ہے تو ریلے کوائل کے اردگرد مقناطیسی میدان پیدا ہو جاتا ہے اسی مقناطیسی میدان کے باعث کوائل کے اندر کا دھاتی ٹکڑا مقناطیس بنتا ہے اور ریلے کے کنٹیکٹ کو آپس میں ملاتا ہے۔ جب ٹی ٹی ایل لاجک، ٹرانزسٹر کو آف کرتا ہے تو ریلے کوائل میں فوری طور پر وولٹیج بند ہو جاتے ہیں۔ اس کی وجہ سے بیک ای ایم ایف ٹرانزینٹ وولٹیج پیدا ہوتے ہیں جن کی تعداد سینکڑوں وولٹ تک ہو سکتی ہے۔ یہ عمل گلاڈیوں کی اگنیشن کوائل کے عمل کے عین مطابق ہے۔ ان وولٹیج کے باعث آپ کا ٹرانزسٹر جل جاتا ہے۔ ریلے کوائل کے اردگرد ایک ڈائیوڈ مثلاً 4001 IN جوڑ دیں۔ اس سے وہ زائد وولٹیج ٹرانزسٹر کی طرف نہیں جا سکیں گے

کمپیوٹرڈیزائننگ

میں نے آپ سے Z 80 مائیکرو پروسیسر کے بارے میں معلومات طلب کی تھیں وہ آپ نے ارسال کر دیں۔ بہت شکریہ یہ معلومات میں نے اس لیے منگوائی تھیں کہ میں کمپیوٹر ڈیزائننگ کے متعلق کچھ پیش رفت کر سکوں لیکن میں کمپیوٹر کے بارے میں بہت کم جانتا ہوں۔ آپ لوگ بیسک اور مشین لینگویج کے بارے میں تو بہت کچھ لکھتے ہیں لیکن آپ نے کبھی یہ بھی سوچا ہے کہ جن قارئین کے پاس کمپیوٹر نہیں ہے وہ

کیا کریں گے۔ آپ جو کچھ بھی جانتے ہیں وہ محض بنیادی باتوں تک محدود ہوتا ہے اور وہ بھی مختلف کیبلز، بائنری کانونٹرز، شفٹ رجسٹرز، فلپ فلاپس وغیرہ کے بارے میں ہی ہوتا ہے اس کے آگے کچھ نہیں۔

میری آپ سے درخواست ہے کہ آپ کمپیوٹر کو ڈیزائن کرنے پر کوئی مضمون شائع کریں تاکہ میری اور میرے جیسے دوسرے دوستوں کی مشکل آسان ہوسکے

محمد سلیم شہزاد۔ ملتان

کمپیوٹر ڈیزائننگ پر مکمل معلومات صرف ایک مضمون میں دینا ممکن نہیں ہے کمپیوٹر کے سرکٹ میں صرف مانیٹر وپرو سیسر ہی نہیں ہوتا بلکہ اس میں بے شمار سرکٹس ہوتے ہیں جو مانیٹر وپرو سیسر کو معلومات دیتے ہیں اور ان سے معلومات لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ ویڈیو بنانے، ان پٹ لینے، آؤٹ پٹ دینے اور ان ساری معلومات کو کمپیوٹری سمجھ میں آنے والے اشاروں میں تبدیل کرنے کے لیے پیچیدہ سرکٹس استعمال کیے جاتے ہیں۔ آپ اس موضوع پر مطالعہ جاری رکھیں۔ ہم بھی آپ کی مدد کریں گے تھوڑا سا انتظار کریں۔

○

مانیٹر پر ٹی وی کی نشریات

میرے پاس فلپس کا گرین اسکرین مانیٹر ہے میں اس پر ٹی وی کی نشریات دیکھنا چاہتا ہوں۔ کیا اس کیلئے میں ماڈولیٹر استعمال کر سکتا ہوں۔ آپ سے درخواست ہے کہ مجھے ماڈولیٹر کا سرکٹ بھیج دیں تاکہ میں اس کو بنا کر اپنا مسئلہ حل کر سکوں۔ اگر کسی دکان پر اس ماڈولیٹر کی کٹ دستیاب ہو تو اس کا ایڈریس بھی دے دیں۔

عمیر ساجد۔ جڑانوالہ

مانیٹر ویڈیو سگنل کو اسکرین پر دکھاتا ہے۔ اس میں آر ایف کو موصول کرنے اور اس کو ڈی موڈولیٹ کرنے کا کوئی بندوبست نہیں ہوتا۔ اگر آپ اس پر ٹی وی پروگرام موصول کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے آپ کو ٹیونر، آئی ایف، ساؤنڈ، آئی ایف، ایسپلی فائر اور ڈی ماڈولیٹر سرکٹس درکار ہوں گے۔ یہ سرکٹ آپ کو کسی بھی ٹی وی کے سرکٹ ڈایاگرام سے مل سکتے ہیں۔

اس مانیٹر پر ٹی وی پروگرام دیکھنے کیلئے ایک متبادل طریقہ اس طرح ہے کہ اگر آپ کے پاس وی سی آر موجود ہے، تو اس کی ویڈیو آوٹ اور آڈیو آوٹ کو مانیٹر سے منسلک کرلیں۔ وی سی آر کی آر ایف ان سے اینٹینا منسلک کردیں اور وی سی آر کو ریکارڈ موڈ میں استعمال کر کے ٹی وی کی نشریات دیکھ لیں۔

○

ٹی وی تصویر پر اسنو

SNOW

میرے ٹی وی کی اسکرین پر تصویر میں اسنو SONW زیادہ آتی ہے۔ یہ سفید اور رنگین دانوں کی صورت میں ہوتی ہے۔ اس کو ختم کرنے کا کوئی طریقہ بتائیں۔ کمزور اسٹیشن پر یہ اسنو زیادہ ہوتی ہے اور طاقتور اسٹیشن پر کم ہوتی ہے۔

آصف اسلم۔ لاہور

ٹی وی کی تصویر پر اسنو نظر آنے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ یہ اسنو عموماً کمزور سگنل کی نشاندہی کرتی ہے۔ اگر یہ اسنو مستقل ہے تو اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ این ٹینا سے آنے والے سگنل ہی کمزور ہیں۔ سب سے پہلے آپ اپنے این ٹینا کو چیک کریں۔ اس کی سمت کو ٹی وی اسٹیشن کے این ٹینا کی طرف رکھیں۔ لیڈ ان وائر کو چیک کریں اور این ٹینا کے پلگ اور ٹی وی کے ساکٹ کو چیک کریں۔

نقص بذات خود ٹی وی میں بھی ہو سکتا ہے۔ ٹیونر، آئی ایف، اے جی سی سیکشن کے متعلقہ اجزا کو اچھی طرح چیک کریں۔ اس سے پہلے آپ ٹی وی پر کسی اور ذریعے سے سگنل مہیا کر کے یہ یقین کرلیں کہ نقص این ٹینا یا لیڈ ان وائر میں نہیں ہے۔

اگر آپ کو ٹی وی سروسنگ میں زیادہ تجربہ نہیں ہے تو مناسب یہی ہوگا کہ آپ ٹی وی کسی ماہر ٹیکنیشن سے چیک کرائیں اس سے پہلے این ٹینا اور لیڈ ان وائر کی جانچ کرلیں۔

○

فضائی مواصلات کی فریکوئنسیں

امیر پورٹ اور ہوائی جہاز والے کس فریکوئنسی پر ریڈیائی رابطہ رکھتے ہیں۔

اقبال قریشی۔ شجاع آباد۔

فضائی کمپنیاں اور ہوائی جہازوں کے پائلٹ کنٹرول ٹاور سے MHZ 135 ۔118 بینڈ پر رابطہ رکھتے ہیں۔

○

گلوکار بنیں

ستمبر 1990 کے شمارے میں "گلوکار بنیں" کے نام سے جو پروجیکٹ شائع ہوا ہے میں نے بنایا ہے لیکن یہ درست کام نہیں کرتا۔ شاید اس میں کوئی خامی رہ گئی ہے۔

مانیٹک کنٹرول VR2 کے بہت کم درجے پر مانیٹر وغیرہ کی کار کردگی بہتر رہتی

ہے لیکن والیم کنٹرول کو گھمانے سے سٹیٹی کی آواز آنا شروع ہو جاتی ہے۔

موڈ سوئچ کو کنسول پوزیشن پر لانے سے آواز میں کمی تو ہو جاتی ہے لیکن ٹل کنٹرول VR1 کو کم یا زیادہ کرنے سے گٹو کار اور میوزک یکساں طور پر کم و بیش ہوتے ہیں۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سرکٹ میں کوئی غلطی ہے یا میں نے کوئی غلطی کی ہے۔ اپنا بنایا ہوا سرکٹ ڈایاگرام اور مضمون کی ٹونو کاپی ارسال کر رہا ہوں۔

طارق عزیز لون۔ لاہور

آپ نے جس طرح گٹو کار بنیں کو عملی طور پر تشکیل دیا ہے وہ بالکل درست ہے۔ سرکٹ میں بھی کوئی غلطی نہیں اور آپ کے تشکیل کردہ پروجیکٹ میں بھی کوئی خامی نہیں۔ اس پروجیکٹ کی مدد سے صرف اسی ریکارڈنگ میں سے گٹو کار کی آواز ختم کی جا سکتی ہے جو حقیقی اسٹیریو سسٹم پر ریکارڈ کی گئی ہو۔ حقیقی اسٹیریو سسٹم میں گٹو کار کی آواز کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر کے دونوں چینلز پر بھیج دیا جاتا ہے اور ان کو اسی طرح ریکارڈ کر لیا جاتا ہے۔ جیسا کہ آپ نے لکھا ہے کہ کنسول پوزیشن پر گٹو کار اور میوزک دونوں کی آواز یں یکساں طور پر کم ہوتی ہیں تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ سرکٹ درست کام کر رہا ہے البتہ آپ نے جو کمپوٹ استعمال کی ہے وہ اسٹیریو نہیں ہے۔

مانیٹر کنٹرول کا مقصد بھی یہ ہے کہ اس کو مانیٹر فونوں کی امپیڈینس اور گین کے مطابق متعین کیا جا سکے۔ تاہم جہاں تک سینیوں کا مسئلہ ہے تو یہ فیڈ بیک کے باعث ہوتا ہے۔ آپ اسپیکر اور مانیٹر فونوں کے درمیان مناسب فاصلہ رکھیں۔ اسپیکر سے آنے والی آواز دوبارہ مانیٹر فونوں میں داخل ہو کر آسی لیشن کا باعث بن سکتی ہے۔

ٹچ والیوم کنٹرول

ستمبر 1990 کے شمارے میں سرکٹ بک کے صفحات پر ایک سرکٹ چھپا ہے جو ٹچ والیوم کنٹرول کا ہے۔ اس کے بارے میں معلوم کرنا ہے کہ اس کو استعمال کس طرح کرنا ہے۔ کیونکہ اس سرکٹ میں ان پٹ کا صرف ایک کنکشن دکھایا گیا ہے جبکہ والیوم کنٹرول میں تین کنکشن ہوتے ہیں

محمد ندیم ایم کے۔ کراچی 7400

جن سرکٹس میں والیوم کنٹرول لگے ہوتے ہیں اگر آپ ان کو غور سے دیکھیں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ والیوم کنٹرول کے تین پوائنٹ اس طرح ہوتے ہیں۔

1۔ ان پٹ
2۔ آؤٹ پٹ
3۔ گراونڈ



آپ کے بیان کردہ سرکٹ میں تینوں پوائنٹ دینے گئے ہیں۔ باقی رہا آپ کا دوسرا سوال کہ اس سرکٹ کو کتنی قدر کے والیوم کنٹرول کے متبادل استعمال کرنا ہے تو اس سلسلے میں عرض ہے کہ والیوم کنٹرول کی زیادہ سے زیادہ قدر در حقیقت اتنی اہمیت نہیں رکھتی۔ یہ سرکٹ ہمہ گیر نوعیت کا ہے اور اس کو 20K، 10K، 5K وغیرہ اور بقیہ تمام قدروں کے والیوم کنٹرولز کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ●●



سر اگر اس پرزے نے آن کام نکیا تو ہیر پھیر بلیک بیک ہے بازار کرنے پڑیں گے۔

سالانہ خریداری

سالانہ خریداری بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک ایاکستان میں کی شرح مبلغ 260/- روپے ہوگی۔ سالانہ خریداری کرنے کر آپ زمرف پریس گھر بیٹھے بذریعہ رجسٹری حاصل کریں گے بلکہ آپ کو سیلز ٹیکس کی بچت بھی ہوگی۔ ——— آپ سے درخواست ہے کہ مہنگائی کے اس زمانے میں بچت کی عادت ڈالیں۔ اس سے نہ صرف آپ کی بچت ہوگی بلکہ اس میں ادارے کی معاونت بھی شامل ہوگی۔ امید ہے کہ آپ آج ہی اس رعایت سے فائدہ اٹھائیں گے۔

سرکولیشن منیجر

وی پی ارسال فہرست کی باقی کتب مفت آرڈر بھیجنے کا پتہ نوٹ کریں

اپنے علم میں اضافہ کرنے کیلئے

ہمدرد کتب خانہ

کی شاہکار ٹیکنیکل کتب

کا

مطالعہ کیجئے

ہماری ٹیکنیکل کتب ہیں کہ پڑھ کر ہزاروں افراد مذکر ملک میں بیروں ملک کام کر کے لاکھوں روپیہ کما رہے ہیں۔

الیکٹرونکس کے نرالے تجربے

(محمد منیر قریشی)

دلکش انداز میں لکھی گئی ایک جامع کتاب۔ مگر بلا استعمال کے کرکٹ اور پروجیکٹس جس کو کم وقت اور کم محنت میں تیار کیا جا سکتا ہے۔ نوجوانوں کے لئے دلچسپ مشاغل اور اُن کی وظیفہ ملاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے آسان انداز کی منفرد کتاب۔

قیمت پندرہ روپے

الیکٹرونکس کے کرشمے (اسرار احمد الدسیف)

اجتماعی دلچسپی کے حامل ۴۵ پروجیکٹس۔ نوآموز حضرات کے لئے تجربات کرنے اور مشقِ استعمال کے لئے اچھوتے اور معیاری پروجیکٹس۔ بنانے میں آسان اور کارگر ثابت ہونے والی کتاب کے آخر میں ٹرانزسٹر متبادل اور اگی سی پی کنکشن بھی دیئے گئے ہیں۔

قیمت ۱۵ روپے

عملی الیکٹرونک پروجیکٹس (اسرار احمد الدسیف)

الیکٹرونکس کے شائقین اور مرمت کا کام کرنے والے حضرات کے لئے مفید، سکس، ہمیشہ کام آنے والے آسان اور دلچسپ الیکٹرونک پروجیکٹس۔ عملی تشکیل کے لئے مکمل و مفصل ہدایات۔

الیکٹرونکس کے آسان تجربے

(عبد الغفار شیخ)

طلباء، الیکٹرونکس کے شائقین اور پروجیکٹس بنانے والے حضرات کے لئے آسان اور دلچسپ پروجیکٹس کی یہ کتاب اس طرح ترتیب دی گئی ہے کہ کم سے کم وقت اور کم سے کم پرزوں کے ساتھ مفید اور اچھوتے پروجیکٹس بنا سکتے ہیں۔

قیمت پندرہ روپے

الیکٹرونکس کے دلچسپ تجربے

(عبدالغفار مشیع)

ٹرانزسٹر، تھائرسٹر، ٹرائیک۔ ایل ای ڈی اور فوٹو ڈائیوڈ کے ساتھ پروجیکٹس مبتدی حضرات کے لئے ابتدائی معلومات کا بیش بہا خزانہ۔ اگر آپ الیکٹرونکس میں نئے ہیں تو اس کتاب کی مدد سے آپ اپنے تجربات میں اضافہ اور معلومات کو جدید بنا سکتے ہیں۔

قیمت /20 روپے

الیکٹرونکس کے نرالے تجربات (2)

(محمود انور عاشق)

پروجیکٹس پر مشتمل اس کتاب میں طلبا کی دلچسپی کو بڑھانے اور انہیں الیکٹرونکس کی طرف مائل کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ سائنسی خامنل اور اسکول کی دیگر سرگرمیوں میں کام آنے والے نرالے پروجیکٹس۔ مبتدی حضرات کے لئے قیمتی معلومات جن میں الیکٹرونک آلات کی بناوٹ اور جانچ پڑتال پر بھرپور راہنمائی میں روشنی ڈالی گئی ہے۔

قیمت /20 روپے

الیکٹرونکس کے آزمائشی پروجیکٹس

(سید فاروق شاہ)

الیکٹرونکس پروجیکٹس کو تیار کرنے کے بعد ان کی جانچ پڑتال اور نقائص کی تلاش کرنے کی انتہائی ضرورت پیش آتی ہے۔ اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے آسان زبان میں لکھی گئی ایک معیاری کتاب۔ پچاس کے قریب جانچ پڑتال کے پروجیکٹس اور دیگر دلچسپ پروجیکٹس پر مشتمل یہ کتاب آپ کے پاس ضرور ہونی چاہیئے۔

قیمت /15 روپے

عملی الیکٹرونک سرکٹس

(امیر سبط النبیہ)

سٹر (70) سے زائد پلیسز، کار آمد اور مفید سرکٹس، 85 سے زائد اشکال۔ اس کتاب میں دیئے گئے سرکٹس کی مدد سے آپ روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے کئی کار آمد آلات تیار کر سکتے ہیں۔ آپ کی پچرہ گاہ اور کتاب میں عمدہ اضافہ کرنے والے آلات کے ڈائیگرامز بھی شامل ہیں۔ تجربات کے شوقین حضرات کے لئے عملی تجربات کا وسیع میدان مہیا کرنے والی ایک معیاری کتاب۔ قیمت =/15 روپے

کار آمد پروجیکٹس

(عبدالغفار مشیع)

اس کتاب میں دیئے گئے پروجیکٹس ریڈیو، ٹی وی چیک حضرات کے لئے مفید اور کار آمد ہیں۔ الیکٹرونک اجزا کے لئے ٹیسٹر، لائٹ آڈیٹ پٹ ٹرانسفارمر، ٹیسٹر، تھائی رسٹر، مولٹی اسٹیبلائزڈ ڈی ایچ ایف ایمپلی فائر، بوائچ ایف ایمپلی فائر کے علاوہ دیگر کار آمد پروجیکٹس

قیمت =/15 روپے

قارئین کے اشتہارات

ہمیں قارئین کی ضرورت کا احساس ہے۔ قارئین کی سہولت کے لئے ہم نے یہ سلسلہ شروع کیا ہے۔ اس میں آپ اپنے اشتہارات بلاقیمت دے سکتے ہیں۔ آپ کو کوئی چیز خریدنی یا کتاب درکار ہے تو یہ کالم آپ ہی کے لئے ہے۔ اس میں آپ ہر قسم کے غیر تجارتی اشتہارات دے سکتے ہیں۔ اشتہارات ارسال کرنے کے لئے مندرجہ ذیل قواعد و ضوابط کا بغور مطالعہ فرمائیں۔

1۔ ان کالموں میں جو اشتہار شائع کئے جاتے ہیں وہ بلا قیمت ہیں اور ان قارئین کی سہولت کے لئے شائع کئے جاتے ہیں۔ جو ایکسٹو دکس سے متعلقہ اشیاء سامان کمپیوٹر پروگرامز، پرزہ جات، کتب، رسائل اور اسی نوعیت کی دیگر چیزیں خریدنے یا فروخت کرنے کے خواہشمند ہوں۔ اس سلسلے میں یہ بات یاد رکھیں کہ اس نوعیت کی خرید و فروخت یا خدمات نظام تجارتی ذمہ دار نہ ہوں گی۔

2۔ اس نوعیت کے اشتہارات جب اور جہاں جگہ دستیاب ہوگی۔ شائع کئے جائیں گے۔ چنانچہ اس بات کی ضمانت نہیں دی جائے گی کہ کون سا خصوصی اشتہار کس شمارے میں شائع کیا جائے گا۔

3۔ اشتہارات کی اشاعت موصولہ اشتہارات کی ترتیب سے کی جائے گی۔

4۔ اشتہارات اُردو یا انگریزی زبان میں ارسال کئے جائیں نیز اشتہار واضح صاف اور نمایاں الفاظ میں تحریر کرنا ضروری ہے۔ جس ہوتو ٹائپ کر کے ارسال کریں۔ ہر اشتہار کا پہلا لفظ جلی شائع کیا جائے گا۔

5۔ ادارہ ایکسٹو دکس ڈائجسٹ کو اشتہارات میں ردوبدل کا اختیار حاصل ہوگا۔ اشتہار کی اشاعت میں ہر ممکن احتیاط برتی جائے گی کہ اشتہار درست شائع ہو۔ تاہم ادارہ اس سلسلے میں کسی غلطی کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔ اگر ردوبدل کے دوران کوئی غلطی ہو گئی تو قارئین کی نشاندہی پر درست اشتہار دوبارہ شائع کیا جائے گا۔

6۔ اشتہار کے مندرجات کے سلسلے میں ادارہ یا پبلشر کسی قسم کی صداقت یا قانونی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔ اس سلسلے میں اشتہار کے مندرجات کی تمام تر قانونی ذمہ داری ارسال کرنے والے پر ہوگی۔

7۔ ادارہ ایکسٹو دکس ڈائجسٹ کے پاس ہر قسم موصولہ کردہ کسی اشتہار کو جزوی یا کلی طور پر اشاعت سے روک لے۔

8۔ تمام اشتہارات درست اور حقیقی سمجھ کر قبول کئے جائیں گے نام اشتہارات کے مندرجات کی سچائی یا غلط بیانی کی صورت میں ادارہ ایکسٹو دکس ڈائجسٹ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

9۔ اپنا اشتہار صاف کردہ فارم پر لکھیں۔ اشتہار میں اپنا نام، مکمل رہائشی پتہ اور ٹیلیفون نمبر اگر ہو ضرور لکھیں۔ نام، پتے کے بغیر مکمل اشتہار بس الفاظ سے زائد نہ ہو۔ اشتہار کے نیچے اپنے مکمل دستخط ضرور کریں۔ پتے میں پوسٹ بکس نمبر نہ لکھیں۔ نامکمل پتے والے اور نیز دستخط کے اشتہارات قبول نہیں کئے جائیں گے۔

10۔ اپنا اشتہار نام پر لکھ کر بھیجنا ضروری نہیں آپ اس کی فوٹو کاپی بھی ارسال کر سکتے ہیں۔ تاہم اس صفحے کا کاربن فوٹو کاپی پر ضرور بھیجا جائے۔ بصورت دیگر اشتہار قبول نہیں کیا جائے گا۔

مجھے مندرجہ بالا تمام شرائط منظور ہیں

دستخط

نام و پتہ:

اشتہار یہاں لکھیں

Elektronik 2000

BISMILLAH MARKET 16/A HALL ROAD LAHORE (PHONE : 221344)

ہر قسم کے الیکٹرونک پرزہ جات، الیکٹرونک کٹس، الیکٹرونک کتب، پی سی بی شیٹ پرنٹڈ سرکٹ بورڈز، اسکرین پرنٹنگ کا سامان، انڈسٹریل پروجیکٹس، ہابی پروجیکٹس ٹرانسفارمر پروجیکٹس اور مختلف موضوعات کے تحت دو ہزار سے زائد کٹس اسمبلڈ اور ان اسمبلڈ حالت میں دستیاب ہیں۔ تفصیلات کے لئے رابطہ قائم کریں۔



بسم اللہ مارکیٹ دوکان ۵ اے ۱۶ عقب ہال روڈ لاہور

الیکٹرونکس ۲۰۰۰